© rasailojaraid.com



مولانا حافظ محمد ابراہیم فانی
استاذ حدیث جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

# اشکِ غم

بسانحہ ارتحال اہلیہ محترمہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد انوار الحق صاحب مدظلہ العالی

نائب مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک و والدہ محترمہ مولانا حافظ سلمان الحق صاحب زیدمجدہ

تاریخ وفات: ۳۰ رنومبر ۲۰۱۲ء بروز جمعہ

پیکر حلم و حمیت سوئے جنت وہ گئیں — باوقار وشان وشوکت سوئے جنت وہ گئیں
سوگوار و غمزدہ حقانیہ کی ہے فضا — تھیں عفیفہ باکرامت سوئے جنت وہ گئیں
کس قدر وقت جنازہ تھا ہجوم صالحاں — اللہ اللہ یہ سعادت سوئے جنت وہ گئیں
زندگی کی وقف بہر خدمت شیخ الحدیث — کرگئیں وہ ہائے رحلت سوئے جنت وہ گئیں
تھا بہت مشہور ان کا وصف جود وھم عطا — آفریں شانِ سخاوت سوئے جنت وہ گئیں
باعثِ صدر رشک واللہ زندگی ان کی رہی — تھیں جو بانو نیک سیرت سوئے جنت وہ گئیں
ان کی تربت ہو خدایا روز وشب صبح و مسا — مہبطِ انوار و رحمت سوئے جنت وہ گئیں
خاندانِ شیخ پر ٹوٹا ہے کوہِ درد وغم — آ گئی آوازِ فرقت سوئے جنت وہ گئیں
بہرِ نسواں تھا نمونہ ان کا کردار وعمل — صورتِ فقر وقناعت سوئے جنت وہ گئیں
ہوگئی برپا قیامت بردلِ انوار حق — ہائے یہ قطعِ رفاقت سوئے جنت وہ گئیں
ان کے فرزند سب کے سب حفاظ قرآن کریم — آفریں یہ بخت وقسمت سوئے جنت وہ گئیں
ہے دعائے فانی ہو شافع اسی کا روزِ حشر — حاملِ ختمِ نبوتؐ سوئے جنت وہ گئیں

☆☆☆

© rasailojaraid.com